18 اپریل2010ء

# پریس کانفرنس

پرنٹ اورالیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے معزز صحافی حضرات!
السلام علیکم
سب سے پہلے تو اس پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔آج اس پریس کانفرنس کا مقصد آپ کو ایم کیوایم کے پنجاب کنونشن کے حوالے سے کچھ اہم معاملات سے آگاہ کرنا ہے۔
معزز صحافی حضرات!

پاکستان ہم سب کا وطن ہے اور ہر سیاسی جماعت کا یہ آئینی ، قانونی ، سیاسی اور جمہوری حق ہے کہ وہ ملک کے کسی بھی صوبہ اور شہر میں اپنی سیاسی سرگرمیاں انجام دے اور عوام تک اپنا سیاسی فکر وفلسفہ اور منشور پہنچائے۔اپنے اسی آئینی وجمہوری حق کے تحت ایم کیوایم نے مورخہ 25 اپریل2010ء کو پنجاب میں کنونشن منعقد کرنے کا اعلان کیا تاکہ ایم کیوایم کے پنجاب بھر سے تعلق رکھنے والے کارکنان اور عوام ایک مقام پر جمع ہوکر ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور پیغام سے اپنی وابستگی ظاہر کرسکیں اور اس عزم کا اظہار کرسکیں کہ وہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے یہاں مڈل کلاس کی حکمرانی قائم کرنا چاہتے ہیں۔ہم پنجاب کنونشن لاہور میں مینار پاکستان پر منعقد کرنا چاہتے تھے۔اس سلسلے میں اجازت حاصل کرنے کیلئے ہم نے لاہور کی انتظامیہ کو باقاعدہ درخواست دی لیکن ہمیں اس وقت انتہائی افسوس ہوا جب انتظامیہ نے ہمیں مینار پاکستان پر کنونشن کرنے کی اجازت نہیں دی اور یہ جواز پیش کیا کہ یہاں سیکوریٹی کا مسئلہ اور دہشت گردی کا خطرہ ہے لہٰذا یہاں کسی بڑے جلسہ کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ہم سے یہ کہا گیا کہ آپ کسی چاردیواری میں کنونشن منعقد کرسکتے ہیں۔ہم نے اس بات کو اپنی انا کا مسئلہ نہیں بنایا اور پنجاب کے امن کی خاطر یہ فیصلہ کیا کہ پورے پنجاب کا کنونشن لاہور میں منعقد کرنے کے بجائے اسے تین شہروں میں تقسیم کردیا جائے اور لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں ایک ہی دن اور ایک ہی وقت میں کنونشن منعقد کئے جائیں۔چنانچہ ہم نے لاہور میں قذافی اسٹیڈیم کے قریب واقع کلچرل کمپلیکس، راولپنڈی میں نیشنل کالج فارآرٹس کیمپس اور ملتان میں آرٹس کونسل کی چاردیواری میں کنونشن کے انعقاد کی اجازت حاصل کرنے کیلئے انتظامیہ کو دوبارہ درخواست دی۔لیکن کئی روز گزرجانے کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے ہمیں اجازت نہیں دی گئی اور ٹال مٹول سے کام لیا جاتا رہا۔اس صورتحال کے پیش نظر ایم کیوایم کے رہنماؤں نے حکومت پنجاب کی اعلیٰ شخصیات سے بھی رابطہ کیا لیکن یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ حکومت پنجاب نے ایم کیوایم کو لاہور کے کلچرل کمپلیکس میں بھی سیکوریٹی کا بہانہ بنا کر کنونشن کی اجازت دینے سے انکار کردیا ہے۔
معزز صحافی حضرات!

لاہور سمیت پنجاب کے تمام شہروں میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں حتیٰ کہ کالعدم تنظیموں کو بھی اپنے جلسے جلوس منعقد کرنے کی آزادی ہے، گزشتہ دنوں بھی لاہور سمیت پنجاب کے کئی شہروں میں ضمنی انتخابات کے سلسلے میں مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے جلسے منعقد ہوئے ، کہیں کسی جماعت کو جلسہ کرنے سے نہیں روکا گیا لیکن ایم کیوایم کو سیکوریٹی کا بہانہ بنا کر لاہور میں جلسہ کرنے سے روکا جارہا ہے اور اس کی سیاسی سرگرمیوں کی راہ میں طرح طرح کی رکاوٹیں ڈالی جارہی ہیں۔ہم سمجھتے ہیں کہ وہ لوگ جو ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام برقرار رکھنا چاہتے ہیں، جو غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو موروثی اور

خاندانی سیاسی کلچر کی زنجیروں میں جکڑے رکھنا چاہتے ہیں وہ ماضی کی طرح اب بھی پنجاب میں ایم کیوایم جیسی عوامی جماعت کو پھیلنے سے ہر قیمت پر روکنا چاہتے ہیں۔

معزز صحافی حضرات!

ہم حکومت پنجاب یا کسی بھی سیاسی یا مذہبی جماعت سے کسی بھی قسم کی محاذ آرائی نہیں چاہتے ، ہم سب کا احترام کرتے ہیں اور سب کے سیاسی وجمہوری حقوق کو تسلیم کرتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ایم کیوایم کا بھی احترام کیا جائے ،ایم کیوایم کے بھی سیاسی وجمہوری حق کو تسلیم کیا جائے ،ایم کیوایم کی سیاسی آزادی کو سلب نہ کیا جائے اوراس کی سیاسی سرگرمیوں کی راہ میں رکاوٹیں نہ ڈالی جائیں۔ایم کیوایم محاذ آرائی سے ہر قیمت پر گریز کرنا چاہتی ہے اسلئے ہم نے 25 اپریل کولاہور کا کنونشن کلچرل کمپلیکس کے بجائے الحمراء ہال میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ راولپنڈی میں کنونشن نیشنل کالج فار آرٹس کیمپس اورملتان میں آرٹس کونسل میں منعقد ہوں گے۔

ہم اس پریس کانفرنس کے توسط سے پنجاب سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے تمام کارکنوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ان ہتھکنڈوں سے ہرگز مایوس اوردل برداشتہ نہ ہوں بلکہ ثابت قدمی اور مستقل مزاجی سے تحریک کا پیغام پھیلاتے رہیں اورکنونشن کی تیاریاں جاری رکھیں اوراس بات پر یقین رکھیں کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی پرعزم قیادت میں ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی وخاندانی نظام سیاست کا خاتمہ انشاءاللہ ایک دن ضرور ہوگا۔ہم پنجاب کے نوجوانوں،طلبہ، اساتذہ، وکلاء، صحافیوں، دانشوروں، تاجروں، دکانداروں اور تمام شعبہءزندگی سے تعلق رکھنے والے حق پرست عوام سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ 25 اپریل کو ایم کیوایم کے کنونشن کوکامیاب بنائیں اوراپنے اتحاد کا مظاہرہ کریں۔

بہت بہت شکریہ

**اراکین رابطہ کمیٹی**

**متحدہ قومی موومنٹ**